© rasailojaraid.com



## جامعہ علوم اثریہ کی اٹھائیسویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف وسالانہ جلسہ تقسیم اسناد وانعامات

مورخہ 21 اکتوبر بروز جمعۃ المبارک جامعہ علوم اثریہ کی اٹھائیسویں سالانہ تقریب صحیح بخاری شریف وسالانہ جلسہ تقسیم اسناد وانعامات منعقد ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیے۔ پروگرام کا آغاز خطبہ جمعہ سے ہوا، خطبہ جمعہ محقق العصر، حضرت مولانا ارشاد الحق اثری (فیصل آباد) نے ارشاد فرمایا۔ خطبہ جمعہ کے بعد شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اکرم جمیل نے بخاری شریف کی آخری حدیث پر عالمانہ، فاضلانہ درس دیا۔ نماز عصر کے بعد سیرت وفقاہت امام بخاریؒ پر درس حضرت مولانا ارشاد الحق اثری نے دیا اور درس کے بعد سوال وجواب کی نشست ہوئی۔ بعد از نماز عشاء دوسری نشست میں سالانہ جلسہ تقسیم اسناد وانعامات کا آغاز قاری محمد کامران صابر کی تلاوت قرآن کریم سے ہوا، اُس کے بعد شاعر اسلام قاری سلیم اللہ مدنی نے حمد ونعت پیش کی۔ جس کے بعد تقاریر کا سلسلہ باقاعدہ شروع ہوا۔ سب سے پہلے صدر انجمن اہل حدیث راجہ انار گل ایڈووکیٹ اور سید الطاف الرحمٰن شاہ نے مختصر خطاب کیا۔ بعد ازیں حضرت مولانا عبدالعلیم یزدانی، رانا محمد شفیق خاں پسروری، مولانا محمد نواز چیمہ، مولانا سید عتیق الرحمٰن شاہ محمدی نے مفصل خطاب کیا۔ اس کانفرنس میں جامعہ سے فارغ ہونے والے 44 خوش نصیب طلباء میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ کانفرنس میں جہلم کے علاوہ گجرات، پوران، کھوہار، منڈی بہاؤالدین، میرپور، دینہ، ڈومیلی، سوہاوہ، گوجر خان اور چکوال کے علاوہ دیگر علاقوں سے بھی کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ الحمدللہ یہ عظیم الشان پروگرام ہر لحاظ سے کامیاب رہا۔

## جامعہ محمدیہ سلفیہ، لالہ زار کالونی، گجرات میں تیسری سالانہ سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس

مورخہ 16 اکتوبر بروز اتوار جامعہ محمدیہ سلفیہ میں تیسری سالانہ سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض سید ثناء اللہ شاہ (رانیوال سیداں) نے سرانجام دیے۔ کانفرنس سے مولانا محمد نواز چیمہ، مولانا خالد مجاہد (چوکی)، مولانا یٰسین بلوچ، مولانا عبدالباسط شیخوپوری اور سید الطاف الرحمٰن شاہ (گجرات) نے خطاب کیا۔

## وفیات

### مرزا محمد فیصل ومرزا محمد آصف کو صدمہ

مورخہ 17 اکتوبر بروز سوموار مرزا محمد فیصل ومرزا محمد آصف کے والد مرزا محمد یونس طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جامع مسجد اہل حدیث لاہور موڑ کے مستقل نمازی تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے پڑھائی۔

### مہربان احمد (کالا گجراں) کو صدمہ

مورخہ 24 اکتوبر بروز سوموار مہربان احمد کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نیک اور بااخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

### محمد یونس کیانی وذیشان ارشد کیانی کو صدمہ

مورخہ 29 اکتوبر بروز ہفتہ محمد یونس کیانی کی ہمشیرہ اور ذیشان ارشد کیانی پھوپھی محترمہ محلہ مستریاں میں وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

### صغیر احمد، کبیر احمد اور غلام ربانی (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 30 نومبر بروز بدھ صغیر احمد، کبیر احمد کی والدہ اور غلام ربانی (کوٹلہ آئمہ) کی خالہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نیک اور بااخلاق خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

### محمود عدنان کو صدمہ

جماعت کے مخلص ساتھی محمود عدنان کے سسر عزیز احمد ہاشمی وائس پرنسپل (ر) گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی رسول منڈی بہاالدین مورخہ 30 نومبر بروز بدھ کو وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بااخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ رئیس الجامعہ نے محمود عدنان کے گھر جا کر ان سے تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

### محمد افضل لون کو صدمہ

جماعت کے مخلص بزرگ محمد افضل لون کے بھائی عبدالحمید لون گزشتہ دنوں انگلینڈ میں وفات پا گئے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور نیک انسان تھے۔ رئیس الجامعہ نے محمد افضل لون سے ان کے بھائی کی وفات پر اظہار تعزیت کیا اور مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com